ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

# کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد 03 || جمعرات 23 مارچ 2023ء، 30 شعبان 1444ھ، 06 چیت 2079 || صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 18

Scanned with CamScanner

# پیشہ وارانہ مہارت سے ہی نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں، وائس چانسلر جامعہ پونچھ

## نتیجہ حاصل کرنے کیلئے انفرادیت ثابت کرنا ہوگی، انفارمیشن ٹیکنالوجی نے طاقت اور فیصلہ سازی کے مراکز کو تبدیل کردیا

## اداروں کی بقاء کا انحصار قابلیت، صلاحیت اور پیشہ ورانہ مہارت پر ہے، وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر کا اجلاس سے خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے کہا ہے کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی نے طاقت اور فیصلہ سازی کے مراکز کو تبدیل کر دیا ہے۔ اب دوسروں کے رویوں کو کنٹرول کرنا ممکن نہیں رہا۔ تعلیمی اداروں میں جدت لانے، قابلیت (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر فیکلٹی کے ڈینز، صدور شعبہ جات، انتظامی افسران اور دیگر سے خطاب کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner

بڑھانے اور پیشہ وارانہ مہارت میں اضافے سے ہی مطلوبہ نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ مقابلے کی فضا میں طلبہ کی توجہ حاصل کرنے کیلئے ہم نے اپنی انفرادیت ثابت کرنا ہوگی اسی صورت میں یہاں باہر سے بھی طلبہ آئیں گی۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے تمام فیکلٹیز کے ڈینز، صدور شعبہ جات انتظامی افسران اور دیگر سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈین بیسک سائنسز و رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈاین اگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈین مینجمنٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر امتیاز حسین، خزانہ دار محمد شمیم خان اور دیگر اعلیٰ تدریسی اور انتظامی افسران نے شرکت کی۔ انھوں نے کہا کہ ہم نے سرکاری نوکری کی سوچ سے نکلنا ہے اور اس روایت کو تبدیل کرنا ہوگا۔ ملازمتوں کیلئے سرکاری اداروں کا تصور ختم ہو چکا۔ اب جس ادارے نے قائم رہنا ہے اس نے اپنی قابلیت اور اہلیت کی بنیاد پر یہ بڑا واضح پیغام ہے۔ عام اداروں اور جامعات میں فرق ہوتا ہے۔ جامعات میں آئیڈیاز پروان چڑھتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ قانون کی عملداری کیلئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے خود کو قانون کے تابع کیا جائے۔ جامعہ پونچھ کی اچھی ساکھ اور پہچان کیلئے اساتذہ کا کردار انتہائی اہم ہے۔ اس کیلئے آپ کو ثابت کرنا ہوگا کہ آپ میں پیشہ وارانہ قابلیت کی کوئی کمی نہیں۔ عزت ہمیشہ کام کی ہوتی ہے۔ اداروں میں فرد کی اہمیت نہیں ہوتی۔